تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ،نئی دہلی

March 04 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سول انجینئر کی امریکن سوسائٹی (اے ایس سی ای) نے تکنیکی فیسٹ 'تھرائیودو اعشاریہ صفر' منایا

شعبہ سول انجینئر نگ ،جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سول انجینئر کی امریکی سوسائٹی طلبہ کی بین الاقومی پیشہ ورانہ تکنیکی سوسائٹی (اے ایس سی ای) نے ترقی یافتہ بھارت کی کوششوں کی یاد میں یکم مارچ دو ہزار چوبیس کو تکنیکی فیسٹول 'تھرائیودو اعشاریہ صفر' منایا۔ڈاکٹر عبادالرحمٰن ،اسسٹنٹ پروفیسر ،فیکلٹی مشیر (اے ایس سی ای) اور تکنیکی فیسٹ کے کوآرڈی نیٹر نے پر جوش خیر مقدمی تقریر کی اور نئی دنیا کی تعمیر وتشکیل میں سول انجینئروں کے اہم رول پر زور دیتے ہوئے ڈھانچہ جاتی ترقی ،پائے داری اور سماجی ترقی و بہبود کو اجاگر کیا۔

خیر مقدمی تقریر کے بعد پروفیسر منی تھامس ،ڈین ،فیکلٹی آف انجینئر نگ ،جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کا افتتاح کیا۔انھوں نے سول انجینئر نگ کے بین علومی کردار کی وضاحت کرتے ہوئے عملی میدان میں مشین لرننگ،مطابقت وموافقت کی ضرورت اور معاصر چیلنجز کو حل کرنے میں اختراعیت جیسی جدید ترین ٹکنالوجی کو مربوط کرنے پر زور دیا۔

کارگزار صدر شعبہ پروفیسر نظر الاسلام نے سول انجینئر نگ کے میدان میں ملازمت کے امکانات ومواقع کے حوالے سے گفتگو کی ۔انھوں نے طلبہ کو اس نوع کے پروگراموں میں شرکت کے لیے ابھارا اور انھیں مختلف میدانوں میں سول انجینئروں کی اہمیت کے متعلق بتایا۔

ڈاکٹر محمد عامر نے سامعین وحاضرین ،مقررین اور تھرائیودو اعشاریہ صفر پروگرام کے کامیاب انعقاد کے لیے منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔

تھرائیودو اعشاریہ صفر میں پل سازی ،سی اے ڈی ماڈلنگ اور ٹریفک کے انتظام سے لے کر ٹھوس کیوب سازی ،نقل انٹرویو، جیسی صلاحیت سازی والی مشقوں سے بھرپور پروگرام منعقد ہوئے۔شرکا اس میں شامل ہوئے اور انھیں ان سے تحریک بھی ملی۔

فیسٹ میں جنرل کوئز،اشتہار سازی اور برجستہ تقریر جو تخلیقیت اور تنقیدی فکر کو پروان چڑھاتی ہے جیسی فکر کو پرواز عطا کرنے والے مقابلے ہوئے۔خاص طور سے جناب ایس۔کے۔وج سابق رکن انجینئر ریلوے بورڈ ،وزارت ریلوے کا خطبہ کافی

دلچسپ ہوا۔انھوں نے طلبا کو سول انجینیر نگ کے بہت سے علوم کے متعلق طلبہ کو بتایا۔اس کے علاوہ خزانے کی تلاش،اور بی جی ایم آئی جیسے تفریحی پروگراموں نے اس میں چار چاند لگا دیے اور طلبہ کے لیے واقعتاً یہ ایک اہم اور جامع پروگرام ثابت ہوا۔ڈاکٹر صبا بشیر،شعبہ انگریزی اور ڈاکٹر عادلہ پروین،فیبز یوتھیراپی سینٹر کی شمولیت نے بے ساختہ اور اشتہار سازی جیسے پروگراموں میں علمی رنگ اور مختلف تناظر دیا۔

ڈاکٹر عبادالرحمن ،فیکلٹی مشیر اور ٹکنیکل کوآرڈینیٹر نے منتظمہ کمیٹی،فیسٹ کے اسپانسرس (آٹو روٹس ڈیزائنرس،فراگ سیلسیٹ اور ایلکس ایسوسی ایٹس)اور رضا کاروں کے تعاون کے لیے ان کا شکریہ ادا کیا۔تھرائیو دو اعشاریہ صفر نے شرکا کے لیے آموزش،صلاحیت کے فروغ اور دوستانہ مراسم کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا اور ان کے لیے ایک یادگار پروگرام رہا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی